# معلومات برائے پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی کی پالیسی، جس سے جمہوریہ بلغاریہ میں بین الاقوامی تحفظ مانگنےوالے غیر ملکیوں کی ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ کی جاتی ہے

- **ذاتی ڈیٹا پروسیسنگ کی قانونی بنیاد**

پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی وزراء کی کونسل کے ساتھ ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ کرتی ہے:

- قانونی ذمہ داری کے عمل کرنے میں (یورپی پارلیمینٹ اور کونسل کے ریگولیشن 2016/679، آرٹیکل 6، نقطہ 1، (ب) "وی" برائےافراد کی حفاظت، ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ اور اس طرح کے ڈیٹا کی آزاد تحریک کے سلسلے میں (ریگولیشن (EU)2016/679))، جس کی بنیاد ہے:

پناہ گزینوں کی حیثیت پر کنونشن، جیسے جنیوا میں 28 جولائی 1951 کو منظور کیا گیا ہے؛ 31 جنوری 1967 کے پناہ گزینوں کی حیثیت پر پروٹوکول، جیسے قانونی طور پر منظور کیا گیا ہے، یورپی یونین کے قانون برائے بین الاقوامی تحفظ اور پناہ اور پناہ گزینوں کا قانون۔

**اور**

- ڈیٹا سبجیکٹ کی منظوری کی بنیاد پر - ریگولیشن 2016/679، آرٹیکل 6، نقطہ 1، (ب) "ایئی" - پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی کے مکزوں میں بین الاقوامی اداروں اور این جی او کے طریقہ کاروں کیلئے، آڈیو ریکارڈنگ، ویڈیو ریکارڈنگ، فوٹو گرافی کیلئے جب بین الاقوامی تحفظ مانگنےوالے ثقافتی اور میڈیا کے واقعات میں حصہ لیتے ہیں۔ بشمول اکیلے بچوں کی صورت میں - انکی منظوری پر یا اکیلے بچوں کے والدین یا نمائندوں کی منظوری پر۔

- **ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ کا مقصد**

غیر ملکی کے ذاتی ڈیٹا کو بین الاقوامی تحفظ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

- **ذاتی ڈیٹا کی زمرہ جات، جو پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی میں جمع کی جاتی ہیں:**
  - نام
  - ذاتی قومی نمبر

- پیدائش کی تاریخ اور جگہ
- جنس
- شہریت
- مستقل پتہ
- خاندانی حیثیت اور خاندان کے تعلقات
- خصوصی ڈیٹا۔

- **پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی ڈیٹا کی خصوصی زمرہ جات جمع کی جاتی ہیں** اور پناہ اور پناہ گزینوں کے قانون کے مطابق، بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کرنےوالے غیر ملکیوں کے بارے میں ائسا ڈیٹا لیا جاتا ہے، جس سے ان کی درخواست کیلئے ذمہ دار ملک طے کیا جا سکتا ہے اور ان کی شناخت اور درخواست دینے کی وجہوں کو پتہ کرایا جا سکتا ہے۔

- **ذاتی ڈیٹا رکھنے کی مدت:**
- ذاتی ڈیٹا جو بین الاقوامی تحفظ دینے کے طریقہ کار میں جمع کیا گیا ہے - 20 سال تک؛
- ایجنسی کے مرکزوں میں کی گئی ویڈیو ریکارڈنگ - ریکارڈنگ بنانے سے 30 دن تک؛
- ذاتی ڈیٹا جو رضامندی کے اعلان کی بنیاد پر جمع کیا گیا ہے - 6 ماہ تک۔

- بین الاقوامی تحفظ مانگنےوالے یا حاصل کرنے والے غیر ملکیوں کا کوئی بھی ذاتی ڈیٹا پراسیکیوشن کرنےوالے اداروں اور تنظیموں سے جمع نہیں کیا جاتا ہے اور نہ انہیں دیا جاتا ہے۔

- **پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی ذاتی ڈیٹا دسرے اداروں صرف اسی صورت میں دیتی ہے، جب:**
- انہیں دسرے سرکاری حکام کو جمع کرانے کے لئے قانونی فرض موجود ہے۔
- بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کیلئے ذمہ دار ملک کو طے کرنے کے طریقہ کار میں ذاتی ڈیٹا دوسرے ممالک کے ساتھ معلومات کے تبادلے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
- ذاتی ڈیٹا بین الاقوامی تعاون کے مقصد سے بھی استعمال کیا جاتا ہے - ان ملکوں کی طرف سے جو1951 کے پناہ گزینوں کی حیثیت پر کنونشن میں شامل ہیں۔

- **ذاتی ڈیٹا کے سبجیکٹ ہوتے ہئے آپکا اس کے بارے میں معلومات پانے کا حق ہے:**

- ذاتی ڈیٹا کی زمرہ جات کے بارے میں جو پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی جمع کرتی ہے اور ڈیٹا کو جمع کرنے کی وجہ کے بارے میں؛
- آپ کی ذاتی ڈیٹا کو حاصل کرنےوالے ادارے کے بارے میں؛
- مدت کے بارے میں جس کے لیئے آپکا ذاتی ڈیٹا رکھا جاتا ہے؛
- آپ کے حقوق کے بارع مےں جن سے قانون کے مطابق آپ اپنے ذاتی ڈیٹا کی اصلاح یا حذف کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں، اپنے ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ کو محدود کرسکتے ہیں یا اس پر اعتراض کرسکتے ہیں؛
- تحفظ ذاتی ڈیٹا کے کمیشن تک اپیل کرنے کے حق کے بارع میں۔

- **پابندیاں بمطابق ریگولیشن (EU)2016/679 کے آرٹیکل 23**

آپ یا آپ کے نمائندہ کا جمع کی گئی معلومات تک رسائی کے لئے درخواست دینے کا حق ہے، جس پر فیصلہ لیا جائے گا، ان صورتوں کے علاوہ جب: معلومات یا اس کے ذرائع کا انکشاف قومی سلامتی کو خطرے میں ڈال سکتا ہے، معلومات فراہم کرنے والے افراد یا اداروں کی حفاظت کو یا اس سے متعلق شخص کو خطرے میں ڈال سکتا ہے؛ یا اگر اس سے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کے امتحان کی روک ہو سکتی ہے، یا اس سے بین الاقوامی تعلقات میں رکاوٹ ہو سکتی ہے ۔ (پناہ اور پناہ گزینوں کے قانون کے آرٹیکل 29a).

- **اس صورت میں جب آپ نے قانون کے مطابق ذاتی ڈیٹا کے بارے میں معلومات پانے کی یا اس کو اصلاح یا حذف کرنے کی درخواست دی ہے،**

پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی وقت پرایک ماہ کے اندر آپ کو ذاتی ڈیٹا کے بارے میں جس کی پروسیسنگ ہو رہی ہے معلومات دیگی اور طریقہ کاروں کے بارے میں بھی جو وہ آپ کی درخواست کے مطابق چلا رہی ہے۔ ضرورت پڑنے پر اور درخواستوں کی پیچیدگی اور نمبرکے مطابق اس عرصے کو دو اور ماہ سے بڑھایا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں، آپ کی درخواست پانے سے ایک ماہ تک ہم اس کے لیئے نوٹس بھیج دینگے اور اس کی وجہ کے بارے میں آپ کو معلومات فراہم کرینگے۔

**ایڈمنسٹریٹر:**

پناہ گزینوں کی سرکاری ایجنسی وزراء کی کونسل کے ساتھ

صوفیہ 1233
سیردیکا ڈسٹرکٹ
114 B کنیاگینیا ماریہ لوئیزہ روڈ
ای میل: sar@saref.government.bg